بسم اللہ الرحمن الرحیم

اصلی روشن خیالی

ابو محمد

پیدا رہِ توحید سے آسانی منزل کرو
اپنے لہو میں علم قرآنی کو تم شامل کرو

بس بہتری تو اتباعِ احمدِ مرسل ﷺ میں ہے
سنت پہ چل کر دو جہاں کی بہتری حاصل کرو

ایمان کو پختہ کرو ، کلمے کو بھی سمجھو ذرا
توحید کی مشعل جلاؤ ، شرک کو زائل کرو

اسلافِ دینؒ کی راہ ہی فوز و فلاح کی راہ ہے
اَصحابؓ کے نقشِ قدم کی پیروی کامل کرو

مُسلم کا مُسلم بھائی ہے مت ڈر کسی کافر سے تو
پھر باہمی اِمداد سے ہر مَوج کو ساحل کرو

ہم سب مجاہد بن کے اپنے دین کی خدمت کریں
اپنی خودی پہچان تو ، کُفّار کو گھائل کرو

ظلم و ستم کفار کی عادت بنی اس دہر میں!!
گر امن کے طالب ہو تم ، بربادیِ باطل کرو

یونہی رہو گے کب تلک منت کشِ اغیار تم!
محنت دیانتداری سے رزق و ظفر حاصل کرو

دھوکہ دہی اور سود کی سب لعنتوں سے بچ کے رہ
دشمن کے آگے جھولی پھیلانے کی خُو زائل کرو

چوری ' ملاوٹ سے بچو ' کردار کے غازی بنو
اپنی معیشت دن بدن برکات کی قابل کرو

روشن خیالی کا ثمر اسلام کے دامن میں ہے
سینے سے فکرِ غرب کے ہر نقش کو زائل کرو